سوال

(527)چار رکعت فرض نماز میں امام کے پیچھے سورت فاتحہ کے علاوہ کوئی سورت پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا چار رکعت فرض نماز میں امام کے پیچھے سورت فاتحہ کے علاوہ بھی کوئی سورت پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟ یعنی آخری دو رکعت میں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چار رکعتی فرض نماز کی پچھلی دو رکعتوں میں سورۃ الفاتحہ کے ساتھ سورۃ ملائی جا سکتی ہے۔ صحیح مسلم میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی روایت میں پچھلی دو رکعتوں کا اندازہ پندرہ پندرہ آیتیں بیان ہوا ہے۔ " صحیح مسلم،بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ،رقم:۴۵۲"، جس سے ظاہر ہے کہ یہ اندازہ فاتحہ کے ساتھ دیگر آیات کو ملا کر ہے۔ ورنہ فاتحہ کی تو صرف سات آیتیں ہیں۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! ''مرعاۃ المفاتیح'' (۶۰۰/۱۔۶۰۲)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ:صفحہ:465

محدث فتویٰ